Government of Karnataka



حکومت کرناٹک

گلشنِ اُردو

GULSHAN-E-URDU



Third Standard

PART-1

تیسری جماعت کے لئے

درسی کتاب مع مشقیہ

حصّہ اوّل

© DTERT NOT TO BE REPUBLISHED

KARNATAKA TEXTBOOK SOCIETY (R.)
6th Cross, Malleshwaram.
Bengaluru- 560 003



THE CONSTITUTION OF INDIA

PREAMBLE

WE, THE PEOPLE OF INDIA, having solemnly resolved to constitute India into a [1]**[SOVEREIGN SOCIALIST SECULAR DEMOCRATIC REPUBLIC]** and to secure to all its citizens :

JUSTICE, social, economic and political;

LIBERTY of thought, expression, belief, faith and worship;

EQUALITY of status and of opportunity; and to promote among them all

FRATERNITY assuring the dignity of the individual and the [2][unity and integrity of the Nation];

IN OUR CONSTITUENT ASSEMBLY this twenty-sixth day of November, 1949 do **HEREBY ADOPT, ENACT AND GIVE TO OURSELVES THIS CONSTITUTION.**

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

---

1. Subs. by the Constitution (Forty-second Amendment) Act, 1976, Sec.2, for "Sovereign Democratic Republic" (w.e.f. 3.1.1977)
2. Subs. by the Constitution (Forty-second Amendment) Act, 1976, Sec.2, for "Unity of the Nation" (w.e.f. 3.1.1977)

CONSTITUTION OF INDIA

Part III (Articles 12 – 35)
(Subject to certain conditions, some exceptions and reasonable restrictions)

guarantees these

Fundamental Rights

Right to Equality

- before law and equal protection of laws;
- irrespective of religion, race, caste, sex or place of birth;
- of opportunity in public employment;
- by abolition of untouchability and titles.

Right to Freedom

- of expression, assembly, association, movement, residence and profession;
- of certain protections in respect of conviction for offences;
- of protection of life and personal liberty;
- of free and compulsory education for children between the age of six and fourteen years;
- of protection against arrest and detention in certain cases.

Right against Exploitation

- for prohibition of traffic in human beings and forced labour;
- for prohibition of employment of children in hazardous jobs.

Right to Freedom of Religion

- freedom of conscience and free profession, practice and propagation of religion;
- freedom to manage religious affairs;
- freedom as to payment of taxes for promotion of any particular religion;
- freedom as to attendance at religious instruction or religious worship in educational institutions wholly maintained by the State.

Cultural and Educational Rights

- for protection of interests of minorities to conserve their language, script and culture;
- for minorities to establish and administer educational institutions of their choice.

Right to Constitutional Remedies

- by issuance of directions or orders or writs by the Supreme Court and High Courts for enforcement of these Fundamental Rights.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Constitution of India

Part IV A (Article 51 A)

Fundamental Duties

It shall be the duty of every citizen of India —

(a) to abide by the Constitution and respect its ideals and institutions, the National Flag and the National Anthem;

(b) to cherish and follow the noble ideals which inspired our national struggle for freedom;

(c) to uphold and protect the sovereignty, unity and integrity of India;

(d) to defend the country and render national service when called upon to do so;

(e) to promote harmony and the spirit of common brotherhood amongst all the people of India transcending religious, linguistic and regional or sectional diversities; to renounce practices derogatory to the dignity of women;

(f) to value and preserve the rich heritage of our composite culture;

(g) to protect and improve the natural environment including forests, lakes, rivers, wildlife and to have compassion for living creatures;

(h) to develop the scientific temper, humanism and the spirit of inquiry and reform;

(i) to safeguard public property and to abjure violence;

(j) to strive towards excellence in all spheres of individual and collective activity so that the nation constantly rises to higher levels of endeavour and achievement;

*(k) who is a parent or guardian, to provide opportunities for education to his child or, as the case may be, ward between the age of six and fourteen years.

Note: The Article 51A containing Fundamental Duties was inserted by the Constitution (42nd Amendment) Act, 1976 (with effect from 3 January 1977).

*(k) was inserted by the Constitution (86th Amendment) Act, 2002 (with effect from 1 April 2010).

@KVBS NOT TO BE REPUBLISHED

نصابی کمیٹی برائے تیسری جماعت

1۔ ڈاکٹر عبدالرب استاؔد ایم۔اے، ایم فل، پی ایچ ڈی — چیرمین
ایسوسی ایٹ پروفیسر، صدر شعبۂ اُردو، فارسی کلبرگی یونیورسٹی، کلبرگی

2۔ محترم عبدالحکیم اللہ ایم۔اے، بی ایڈ۔اُردو منشی، آئی، بی، اے۔ایم، ڈپلوما اِن کنڑا ومَلیالم — رکن
معاون معلم، گورنمنٹ گرلس ہائی اسکول (قدیم) ملوؔلی، منڈیا ضلع

3۔ محترم عبیداللہ عمری ایم۔اے — رکن
لکچرار، بی بی ایم پری یونیورسٹی کالج، ماگڈی روڈ، بنگلورو

4۔ حبیبہ خانم ایم۔اے، بی۔ایڈ — رکن
میر معلمہ گورنمنٹ اُردو ہائر پرائمری اسکول، آنجہ ورام نگرم ضلع

5۔ محترم اختر سہیل ایم۔اے، بی ایڈ — رکن
معاون معلم، فاروقیہ بوائس اسکول، میسورو

6۔ محترمہ قرۃ العین شاکؔر ادیب کامل، ادیب فاصل (علیگ) — رکن
معاون معلمہ اُردو ہائر پرائمری اسکول، والمیکی نگر بنگلورو۔

7۔ محترم گلزار ڈی۔ایم سی، ڈی۔الف۔اے، — مصور
ڈرائنگ ٹیچر، گورنمنٹ ہائی اسکول، دوڈشیوارا، مالور تعلقہ

8۔ محترم محمد معین ایم۔اے، بی ایڈ — تنقیح کار
معاون معلم، گورنمنٹ پری یونیورسٹی کالج، ہلیار، کنیکیر ے چکنا یکن ہلّی تعلقہ، ضلع ٹمکورو

ایڈیٹوریل بورڈ

- ڈاکٹر مہ نور زمانی بیگم، سابق صدر شعبۂ اُردو بنگلور یونیورسٹی بنگلورو۔
- ڈاکٹر جہاں آرا بیگم، سابق صدر شعبۂ اُردو کرناٹک اسٹیٹ اوپن یونیورسٹی میسورو۔

صلاح کار

☆ شری ناگیندرا کمار
مینیجنگ ڈائرکٹر
کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی بنگلورو

☆ شری موڈمبٹری تایا
کوآرڈینیٹر
کرناٹک ٹکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو

☆ شریمتی ناگامنی۔سی
ڈپٹی ڈائرکٹر،
کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی بنگلورو

☆ شری پانڈورنگا
سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر
کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی بنگلورو

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

Preface

The Textbook Society, Karnataka has been engaged in producing new textbooks according to the new syllabi which in turn are designed on NCF - 2005 since June 2010. Textbooks are prepared in 12 languages; seven of them serve as the media of instruction. From standard 1 to 4 there is the EVS, mathematics and 5th to 10th there are three core subjects namely mathematics, science and social science.

NCF - 2005 has a number of special features and they are:

- connecting knowledge to life activities
- learning to shift from rote methods
- enriching the curriculum beyond textbooks
- learning experiences for the construction of knowledge
- making examinations flexible and integrating them with classroom experiences
- caring concerns within the democratic policy of the country
- making education relevant to the present and future needs.
- softening the subject boundaries- integrated knowledge and the joy of learning.
- the child is the constructor of knowledge

The new books are produced based on three fundamental approaches namely. Constructive approach, Spiral Approach and Integrated approach.

The learner is encouraged to think, engage in activities, master skills and competencies. The materials presented in these books are integrated with values. The new books are not examination oriented in their nature. On the other hand they help the learner in the all round development of his/her personality, thus help him/her become a healthy member of a healthy society and a productive citizen of this great country, India.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

The most important objectives of teaching language are listening, speaking, reading, writing and reference work. These skills have been given a lot of importance in all the language textbooks. Along with the inculcation of these skills, fundamental grammar, opportunities for learners to appreciate beauty and imbibe universal life values have been integrated in language textbooks. When learners master these competencies, they would stop studying textbooks for the sake of passing examinations. In order to help learners master these competencies, a number of paired and group activities, assignments and project work have been included in the textbooks. It is expected that these activities would help learner master communicative skills. Ultimately, it is expected that students master the art of learning to learn and make use of these competencies in real life. Textbooks for students X have a special significance. As any other new textbook they help learners' master skills and competencies and at the same time there is going to be a public examination based on them.

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

The Textbook Society expresses grateful thanks to the chairpersons, writers, scrutinisers, artists, staff of DIETs and CTEs and the members of the Editorial Board and printers in helping the Text Book Society in producing these textbooks. A few works of some writers and poets have been included in these textbooks. The textbook society is extremely grateful to them for giving their consent for the inclusion of these pieces in the textbooks.

Prof. G S Mudambadithaya
Co-ordinator
Curriculum Revision and Textbook Preparation
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru - 85

Nagendra Kumar
Managing Director
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru - 85

پیش لفظ

حکومت کرناٹک کی سوسائٹی برائے درسی کُتب بنگلورو۔ ین سی ایف 2005ء کے تحت مختلف جماعتوں کے لئے درسی کُتب کی تیاری کا پروگرام ترتیب دیا گیا۔ اس پروگرام کے تحت چوتھی جماعت کے لئے اُردو زبان اول کی کتاب مرتب کی گئی ہے۔

اس درسی کتاب کو مرتبین نے سوسائٹی کی جانب سے فراہم کردہ نصاب کی روشنی میں اسباق اور منظومات تیار کئے ہیں ۔ حکام اعلیٰ کی ہدایات کے مطابق بالخصوص بچوں کی نفسیات کو ملحوظ رکھتے ہوئے ان کی پوشیدہ صلاحیتوں کو نکھارنے اور اُن میں تخلیقی جذبے کو اُبھارنے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے۔

اسباق میں عام طور پر مستعمل انگریزی اور سائنسی لفظیات کو برتا گیا ہے تاکہ بچوں کے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ ہو۔ مشقیں جاذب اور آسان بنائی گئی ہیں۔ مشقوں کی تیاری میں ین سی ای آر ٹی کے رہنمایانہ خطوط کو پیش نظر رکھتے ہوئے زمانی اعتبار سے میل کھانے والے اُصولوں کو اپنایا گیا ہے، اس اُمید کے ساتھ کہ آئندہ مسابقتی امتحانات کی راہ ہموار ہو اور طلبا و طالبات کی ہمہ جہتی علمی و ذہنی نشوونما ہوتی رہے۔

آخر میں جمیع اراکین ، ڈائرکٹر ، ڈپٹی ڈائرکٹر ، اسسٹنٹ ڈائرکٹر اور نگران کار درسی کتب کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انھوں نے اس کتاب کی تیاری میں ہر طرح سے ساتھ دیا اور آسانیاں بہم پہنچائیں۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مجالس نظر ثانی برائے نصابی کتاب

صدرِ مجالس:

پروفیسر برگورراما چندرپّا: مجلس نظر ثانی برائے ریاستی نصابی کتاب، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-85

مجالس نظر ثانی

صدر:

پروفیسر سی۔ سید خلیل احمد: چیرمین، ڈپارٹمنٹ آف پی جی اسٹڈیز اینڈ ریسرچ اِن اُردو کوئمپو یونیورسٹی، سہیادری کالج، شیوا موگا-577203

اراکین:

ڈاکٹر سید ثناءاللہ : اسوسیٹ پروفیسر اینڈ چیرمین، ڈپارٹمنٹ آف اُردو، سہیادری سائنس کالج شیوا موگا-3

محترمہ وحیدہ نسرین : ایجوکیشن آفیسر، ڈائرکٹریٹ برائے اُردو اور دیگر اقلیتی لسانی، مدارس، بنگلورو۔

جناب سلیمان خمار : ایل آئی جی-83 جل نگر، وجئے پورہ - 586101

جناب اختر سہیل : معاون معلم، فاروقیہ بوائس ہائی اسکول، تلک نگر، میسورو - 570001

محترمہ مہر النساء بیگم کے، مکاندار : اُردو معلّمہ، گورنمنٹ اُردو ہائی اسکول، جمکھنڈی، ضلع باگل کوٹ

محترمہ سائرہ بانو : معاون معلّمہ گورنمنٹ مسلم رسیڈنشیل اسکول، سری رنگا پٹن، ضلع منڈیا۔

محترمہ حبیبہ خانم : معاون معلّمہ گورنمنٹ اُردو لوئر پرائمری اسکول، ایم کے۔محلہ، رام نگر-562159

محترمہ شمع پروین سوداگر: معاون معلّمہ گورنمنٹ اُردو لوئر پرائمری اسکول، گاندھی پور ضلع ہاویری 581110

اعلیٰ مجالس نظر ثانی

پروفیسر نورالدین : وظیفہ یاب پروفیسر، نمبر 13/1، سیکٹر 14، جیون بھیما نگر، بنگلورو-560007

پروفیسر محمد اعظم شاہد : پروفیسر گورنمنٹ فسٹ گریڈ کالج، یلہنکا، بنگلورو-560094

میر صلاح کار:

شری یم۔پی۔مادھے گوڈا : مینیجنگ ڈائرکٹر کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

شریمتی اُشا یم۔ڈی : ڈپٹی ڈائرکٹر، کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

پروکرام کوآرڈینیٹر:

شری موہن کمارا۔بی : سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر، کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

© DTE NOT TO BE REPUBLISHED

ಪರಿಷ್ಕರಣೆ ಕುರಿತು

ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಬಗ್ಗೆ ಪ್ರಕಟಗೊಂಡ ಸಾರ್ವಜನಿಕ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಗಮನಿಸಿ ಮಾನ್ಯ ಮುಖ್ಯಮಂತ್ರಿಯವರೂ ಅರ್ಥಸಚಿವರೂ ಆಗಿರುವ ಶ್ರೀ ಸಿದ್ದರಾಮಯ್ಯನವರು ತಮ್ಮ ೨೦೧೪–೧೫ ರ ಬಜೆಟ್‌ನಲ್ಲಿ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ರಚಿಸುವ ಘೋಷಣೆ ಮಾಡಿದರು. ತಜ್ಞರು ಅನುಸರಿಸಬೇಕಾದ ಮೂಲ ಆಶಯವನ್ನು ಹೀಗೆ ಹೇಳಿದರು: "ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯ, ನೈತಿಕಮೌಲ್ಯಗಳು, ವ್ಯಕ್ತಿತ್ವವಿಕಸನ, ವೈಜ್ಞಾನಿಕ ಮತ್ತು ವೈಚಾರಿಕ ಮನೋಭಾವ, ಜಾತ್ಯತೀತತೆ ಮತ್ತು ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಬದ್ಧತೆಗಳಿಗೆ ಅನುವಾಗುವಂತೆ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ಪುನರ್ ರಚಿಸಲಾಗುವುದು" ಇದು ಬಜೆಟ್ ಭಾಷಣದಲ್ಲಿ ಸಾದರಪಡಿಸಿದ ಆಶಯ.

ಆನಂತರ ಶಿಕ್ಷಣ ಇಲಾಖೆಯು ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯವರೆಗಿನ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಾಗಿ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ದಿನಾಂಕ: ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ ರಂದು ಆದೇಶಹೊರಡಿಸಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ವಿಷಯವಾರು ಮತ್ತು ತರಗತಿವಾರು ಮಾನದಂಡಕ್ಕನುಗುಣವಾಗಿ ರಚಿತವಾದವು. ವಿವಿಧ ಪಠ್ಯವಿಷಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರು, ಅಧ್ಯಾಪಕರು ಈ ಸಮಿತಿಗಳಲ್ಲಿದ್ದಾರೆ. ಈಗಾಗಲೇ ಲಿಖಿತವಾಗಿ ಬಂದಿರುವ ಅನೇಕ ಆಕ್ಷೇಪಗಳು ಮತ್ತು ವಿಶ್ಲೇಷಣೆಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಿ, ತಪ್ಪು ಒಪ್ಪುಗಳ ಬಗ್ಗೆ ನಿರ್ಣಯಿಸಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ ಹೊಣೆಹೊತ್ತ ಈ ಸಮಿತಿಗಳಿಗೆ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪಠ್ಯವಸ್ತುವನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸಿ ನಂತರ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ರ ಆದೇಶದಲ್ಲೇ ನೀಡಲಾಗಿತ್ತು. ಆನಂತರ ೧೯.೦೯.೨೦೧೫ ರಂದು ಹೊಸ ಆದೇಶ ಹೊರಡಿಸಿ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪುನರ್ ರಚಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ನೀಡಲಾಯಿತು. ಹೀಗೆ ಸಮಗ್ರ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗೊಂಡ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ೨೦೧೬–೧೭ ರ ಬದಲು ೨೦೧೭–೧೮ನೇ ಶೈಕ್ಷಣಿಕ ವರ್ಷದಲ್ಲಿ ಜಾರಿಗೊಳಿಸಲಾಗುವುದೆಂದು ಇದೇ ಆದೇಶದಲ್ಲಿ ತಿಳಿಸಲಾಯಿತು.

ಅನೇಕ ವ್ಯಕ್ತಿಗಳೂ ಸಂಘಟನೆಗಳೂ ಸ್ವಯಂಪ್ರೇರಿತರಾಗಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಮಾಹಿತಿದೋಷ, ಆಶಯದೋಷಗಳನ್ನು ಪಟ್ಟಿಮಾಡಿ ಶಿಕ್ಷಣ ಸಚಿವರಿಗೆ, ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘಕ್ಕೆ ಕಳುಹಿಸಿದ್ದರು. ಅವುಗಳ ಪರಿಶೀಲನೆಮಾಡಿದ್ದಲ್ಲದೆ, ಸಮಿತಿಗಳಾಚೆಗೆ ಅನೇಕ ಸಂವಾದಗಳನ್ನು ಏರ್ಪಡಿಸಿ ವಿಚಾರ ವಿನಿಮಯ ಮಾಡಿಕೊಂಡಿದ್ದೇವೆ. ಪ್ರಾಥಮಿಕ ಮತ್ತು ಪ್ರೌಢಶಾಲಾ ಅಧ್ಯಾಪಕರ ಸಂಘಗಳ ಜೊತೆ ಚರ್ಚಿಸಿದ್ದಲ್ಲದೆ ಪ್ರಶ್ನಾವಳಿ ಸಿದ್ಧಪಡಿಸಿ ಅಧ್ಯಾಪಕರಿಗೆ ಕಳಿಸಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಸಂಗ್ರಹಿಸಲಾಗಿದೆ. ಅಧ್ಯಾಪಕರು, ವಿಷಯಪರಿವೀಕ್ಷಕರು ಮತ್ತು ಡಯಟ್ ಪ್ರಾಂಶುಪಾಲರ ಪ್ರತ್ಯೇಕ ಸಭೆಗಳನ್ನು ನಡೆಸಿ ವಿಶ್ಲೇಷಣಾತ್ಮಕ ಅಭಿಮತಗಳನ್ನು ಪಡೆಯಲಾಗಿದೆ. ವಿಜ್ಞಾನ, ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ, ಭಾಷೆ ಸಾಹಿತ್ಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರಿಗೆ ಮೊದಲೇ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಕಳುಹಿಸಿ ಆನಂತರ ಸಭೆ ನಡೆಸಿ ಚರ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಮಹಿಳಾ ಸಂಘಟನೆ ಹಾಗೂ ವಿಜ್ಞಾನ ಸಂಬಂಧಿ ಸಂಸ್ಥೆಗಳನ್ನು ಆಹ್ವಾನಿಸಿ ಚಿಂತನೆ ನಡೆಸಲಾಗಿದೆ. ಹೀಗೆ ಎಲ್ಲಾ ಮೂಲಗಳಿಂದ ಪಡೆದ ಅರಿವಿನ ಆಧಾರದ ಮೇಲೆ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಕಡೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಬಹುಮುಖ್ಯವಾದ ಇನ್ನೊಂದು ಸಂಗತಿಯನ್ನು ಇಲ್ಲಿ ಹೇಳಬೇಕು. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ (ಎನ್.ಸಿ.ಇ.ಆರ್.ಟಿ) ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ತೌಲನಿಕವಾಗಿ ಅಧ್ಯಯನ ಮಾಡಿ ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ನೀಡಲು ವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ ಮತ್ತು ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನಕ್ಕೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದಂತೆ ತಜ್ಞರ ಮೂರು

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಲಾಯಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ನೀಡಿದ ತೌಲನಿಕ ವಿಶ್ಲೇಷಣೆ ಮತ್ತು ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ಆಧರಿಸಿ ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟವನ್ನು ಹೆಚ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳಿಗಿಂತ ನಮ್ಮ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟ ಕಡಿಮೆಯಾಗದಂತೆ ಕಾಯ್ದುಕೊಳ್ಳಲಾಗಿದೆ. ಜೊತೆಗೆ ಆಂಧ್ರ, ತಮಿಳುನಾಡು, ಮಹಾರಾಷ್ಟ್ರ ರಾಜ್ಯಗಳ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ನಮ್ಮ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಇನ್ನೊಂದು ಸ್ಪಷ್ಟನೆಯನ್ನು ನೀಡಲು ಬಯಸುತ್ತೇನೆ. ನಮ್ಮ ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿರುವುದು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯೇ ಹೊರತು ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸಮಗ್ರ ರಚನೆಯಲ್ಲ. ಆದ್ದರಿಂದ ಈಗಾಗಲೇ ರಚಿತವಾಗಿರುವ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸ್ವರೂಪಕ್ಕೆ ಎಲ್ಲಿಯೂ ಧಕ್ಕೆಯುಂಟುಮಾಡಿಲ್ಲ. ಲಿಂಗತ್ವ ಸಮಾನತೆ, ಪ್ರಾದೇಶಿಕ ಪ್ರಾತಿನಿಧ್ಯ, ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಸಮಗ್ರತೆ, ಸಮಾನತೆ, ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯಗಳ ಹಿನ್ನೆಲೆಯಲ್ಲಿ ಕೆಲವು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಳು ನಡೆದಿವೆ. ಹೀಗೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವಾಗ ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟು ಮತ್ತು ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟುಗಳನ್ನು ಮೀರಿಲ್ಲವೆಂದು ತಿಳಿಸಬಯಸುತ್ತೇನೆ: ಜೊತೆಗೆ ನಮ್ಮ ಸಂವಿಧಾನದ ಆಶಯಗಳನ್ನು ಅನುಸರಿಸಲಾಗಿದೆ. ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿದ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯನ್ನು ಮತ್ತೊಮ್ಮೆ ಪರಿಶೀಲಿಸಲು ವಿಷಯವಾರು ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯ ಪಡೆದು ಅಳವಡಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಹೀಗೆ ಕ್ರಮಬದ್ಧವಾಗಿ ನಡೆದ ಕೆಲಸಕ್ಕೆ ತಮ್ಮನ್ನು ತಾವು ಸಂಪೂರ್ಣ ತೊಡಗಿಸಿಕೊಂಡ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳ ಅಧ್ಯಕ್ಷರು ಮತ್ತು ಸದಸ್ಯರನ್ನು ಹಾಗೂ ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನಾ ಸಮಿತಿಯ ಸಮಸ್ತರನ್ನು ಕೃತಜ್ಞತೆಯಿಂದ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಅಂತೆಯೇ ಸಮಿತಿಗಳ ಕೆಲಸ ಸುಗಮವಾಗಿ ನಡೆಯುವಂತೆ ವ್ಯವಸ್ಥೆಮಾಡಲು ಕಾರ್ಯಕ್ರಮ ಅಧಿಕಾರಿಗಳಾಗಿ ನಿಷ್ಠೆಯಿಂದ ದುಡಿದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘದ ಎಲ್ಲಾ ಅಧಿಕಾರಿಗಳನ್ನೂ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಸಹಕರಿಸಿದ ಸಿಬ್ಬಂದಿಗೂ ನಮ್ಮ ವಂದನೆಗಳು. ಅಭಿಪ್ರಾಯ ನೀಡಿ ಸಹಕರಿಸಿದ ಸರ್ವ ಸಂಘಟನೆಗಳು ಮತ್ತು ತಜ್ಞರಿಗೆ ಧನ್ಯವಾದಗಳು.

ಎಂ.ಪಿ. ಮಾದೇಗೌಡ
ವ್ಯವಸ್ಥಾಪಕ ನಿರ್ದೇಶಕರು
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು–೮೫೬

(ಪ್ರೊ. ಬರಗೂರು ರಾಮಚಂದ್ರಪ್ಪ)
ಸರ್ವಾಧ್ಯಕ್ಷರು
ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಪರಿಷ್ಕರಣ ಸಮಿತಿ
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು–೮೫೬

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Foreword

In the pursuit of fostering a healthier and more balanced educational journey, we present this initiative aimed at reducing the weight of school bags. Education is the cornerstone of progress and it is our responsibility to ensure that the pursuit of knowledge is accompanied by the wellbeing of students.

As a first step, to reduce the burden of heavy bags, the School Education Department, Government of Karnataka has decided to print semester-wise textbooks in 2 parts i.e., Summative Assessment 1 and 2. This intervention will help significantly in reducing the weight of school bags.

This Endeavour signifies a paradigm shift, acknowledging the strain posed by bulky bags on students.

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Manjushree. N. IAS
Managing Director
Karnataka Textbook Society (R.)

فہرست

X6G1S7

نمبر شمار	اسباق	نثر نگار/شاعر	صفحہ نمبر
1	حمد	امجد حسین حافظ کرناٹکی	1
2	نعت	مشتاق احمد شائق ندوی ٹمکوری	6
3	سچّائی کا پھل	ادارہ	13
4	چاچا نہرو	ادارہ	21
5	مُرغی	ادارہ نظم	30
6	عیدالفطر	ادارہ	35
7	روبوٹ	ادارہ	41
8	میں کیا بنوں گا؟	حفیظ جالندھری نظم	48

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:1

حمد



ازل سے ابد تک تو ہی جانتا ہے
نہیں ترا ثانی نہ ہوگا ہوا ہے
اندھیرے پہاڑوں پہ کالی سی چیونٹی
جو چلتی ہے اس کو بھی تو دیکھتا ہے

سبھی کچھ ہے تیرا مگر ہم بھی تیرے
نہیں کوئی معبود تیرے سوا ہے

ہر اک چیز ہے فانی ، ہو کر رہے گی
مگر تو ہے باقی ، نہیں انتہا ہے

گناہوں کو تو بخش دے یا الٰہی
کہ حافظؔ کی ہر دم یہی التجا ہے

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

امجد حسین حافظ کرناٹکی

I. پڑھئے اور سمجھئے:

- ازل = ابتداء
- ابد = انتہا
- ثانی = دوسرا، مثال
- معبود = جس کی عبادت کی جاتی ہے مراد اللہ
- فانی = فنا ہونے والا

II. غور کیجئے:

1) اللہ کی تعریف میں لکھی جانے والی نظم کو حمد کہتے ہیں۔
2) کل کائنات بنانے والا اللہ تعالیٰ ہے۔
3) اللہ تعالیٰ عظمت والا ہے۔
4) اللہ تعالیٰ کا جلوہ ہر شئے میں ہے۔
5) قرآنِ پاک اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے جو رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اُتاری گئی۔

III. سوچیئے اور بتایئے:

1) دنیا کی کونسی چیز فانی ہے؟
2) ابتداء سے انتہا تک رہنے والا کون ہے؟
3) ازل اور ابد کسے کہتے ہیں؟
4) ہم کو التجا کس سے کرنی چاہیئے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

5) کیا اللہ کا کوئی ثانی ہے؟

6) اللہ کہاں چلتی ہوئی چیونٹی بھی دیکھ سکتا ہے؟

7) حافظؔ کی کیا التجاء ہے؟

IV. ان اشعار کو مکمل کیجئے۔

1) ازل سے ابد تک تو ہی جانتا ہے ۔۔۔۔۔ نہیں ترا ۔۔۔۔۔نہ ہوگا ہوا ہے

2) اندھیرے پہاڑوں پہ کالی سی چیونٹی ۔۔۔۔۔۔ اس کو بھی تو دیکھتا ہے

3) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔مگر ہم بھی تیرے نہیں کوئی معبود تیرے سوا ہے


4) ہر اک چیز ہے فانی، ہو کر رہے گی مگر۔۔۔۔۔۔۔، نہیں انتہا ہے

5) گناہوں کو تو بخش دے یا الٰہی کہ حافظؔ کی ہر دم یہی ۔۔۔۔ ہے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

V. مثال کے مطابق حروف کو ملا کر ہم وزن الفاظ بنائیے۔

مثال: ذات صفات



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1) _____ _____

2) _____ _____

3) _____ _____

VI. ان کی ضد لکھئے۔

ازل	ابتداء	اندھیرا	تیرا	گناہ	فانی

VII. مثال کے مطابق نیچے دیئے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھئے۔

مثال: معبود

م	ع	ب	و	د

- فانی
- ثانی
- پہاڑ
- باقی
- حافظ

VIII. ہمیں اللہ سے کیا کیا دعائیں مانگنی چاہیئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

عملی کام:

اللہ تعالیٰ کے چند اسمائے حسنیٰ جمع کیجئے اور زبانی یاد کیجئے۔

○○○

سبق: 2

نعت

مشتاق احمد شائقؔ ندوی ٹمکوری

پیارے پیارے پیارے آقاؐ
سب کی آنکھوں کے تارے آقاؐ

سارے نبیوں کے سردار
رب کے بھی وہ پیارے آقاؐ

شاہِ دُنیا سرورِ دیں ہیں
سارے جگ سے نیارے آقاؐ

سارے عالم کی وہ رحمت
اُمّت کے دُکھیارے آقاؐ

پتھر کھا کر دی ہیں دُعائیں
شافع محشر پیارے آقاؐ

آؤ اُن کی راہ چلیں ہم
شائقؔ سب کے پیارے آقاؐ



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. پڑھئے اور سمجھئے:

آنکھ کے تارے = چہیتے　　سردار = امام

نیارے = انوکھے　　محشر = قیامت

شافع = سفارش کرنے والے　　سرورِ دیں = دین کے بادشاہ

جگ = دُنیا　　رحمت = مہربانی

دُکھیارے = دلاسہ دینے والے　　آقا = سردار، مراد حضورؐ

راہ = راستہ

II. غور کیجئے:

1) حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف میں لکھی جانے والی نظم نعت کہلاتی ہے۔

2) آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سارے نبیوں کے سردار ہیں۔

3) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ساری دُنیا کے لئے رحمت بن کر آئے۔

4) ہم سب کو آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی راہ پر چلنا چاہیئے۔

5) جس نام یا لفظ پر 'ؐ' کی علامت ہو تو اُس کو صلی اللہ وعلیہ وسلم پڑھنا چاہیئے۔
اس علامت کو حضرت محمدؐ کے نام کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔

III. سوچئے، بتایئے اور لکھئے:

1) سب کی آنکھوں کے تارے کون ہیں؟

2) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شافع محشر کیوں کہا جاتا ہے؟

3) اُمّت کے دُکھیارے کون ہیں؟

© KEBS NOT TO BE REPUBLISHED

4) آپ ﷺ ساری دُنیا کے لئے کیا بَن کر آئے؟

5) ہم کو کِس کی راہ پر چلنا چاہیئے؟

IV. نیچے دیئے گئے الفاظ کی مدد سے مصرعوں کو مکمل کیجئے۔

راہ	جگ	تارے	نبیوں	دُکھیارے

سب کی آنکھ کے _____ آقا ﷺ

سارے _____ کے سَردار ﷺ

اُمّت کے _____ آقا ﷺ


آؤ اُن کی _____ چلیں ہم

سارے _____ سے نیارے آقا ﷺ

V. مثال کے مطابق ''رے'' مِلا کر ہم وزن الفاظ بنایئے۔

مثال:

پیارے	:	نیارے
_____	:	_____
_____	:	_____
_____	:	_____



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

VI. الفاظ کو ترتیب سے لکھ کر مصرعے مکمل کیجئے۔

- کے تارے آنکھ سب کی آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

_____

- نبیوں کے سارے سردار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

_____

- پیارے محشر آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شافع

_____

- جگ آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نیارے سارے سے

_____


VII. ذیل میں بے ترتیب حروف دیئے گئے ہیں۔ مثال کے مطابق انہیں ترتیب دے کر ''الفاظ'' بنایئے۔

مثال: ے ا پ ے ر = پیارے

ل ا د ر ے	ر ے س ا	د ا ر س ر
ن ے ب ں و	ہ ر ب ر	ر و س ر
ا ل ع م	م ت ر ح	ء ش ق ا
_____	_____	_____
_____	_____	_____
_____	_____	_____

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


VIII. ان خاکوں میں درج شدہ الفاظ کے دو اور معنی نیچے جدول میں دیئے گئے ہیں۔ انہیں تلاش کر کے ہر لفظ کے خالی دائروں میں لکھئے۔



NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

فقیر	پروردگار	جہاں	دھرم	بادشاہ	قوم	حاکم
مذہب	پالنہار	سلطان	دُنیا	مالک	بھکاری	ملّت

IX. کمان میں دیئے گئے ''الفاظ'' کی مدد سے عبارت مکمل کیجئے۔



ہمارے رسول حضرت محمد ﷺ ہیں۔آپ ﷺ _____ میں پیدا ہوئے۔آپ ﷺ کے والد کا نام _____ اور والدہ کا نام _____ تھا۔بچپن میں آپ ﷺ کو _____ نے دودھ پلایا آپ کا تعلق قبیلۂ _____ سے تھا۔

آپ ﷺ کے _____ عبدالمطلب اور _____ ابو طالب تھے،جنہوں نے آپ ﷺ کی پرورش کی ۔ آپ ﷺ بچپن ہی سے نیک اور _____ تھے ۔ہمیشہ _____ بولا کرتے ۔یتیموں، ضعیفوں اور غریبوں کی مدد کرتے اور _____ سے اچھّا سلوک کرتے آپ ﷺ پر نازل ہونے والی کتاب کا نام _____ ہے۔آپ ﷺ اللہ کے _____ نبیؐ ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

غور کیجئے اور یاد رکھئے:۔

- علامت ' ﷺ ' محمد رسول اللہ کے نام کے ساتھ لکھی جاتی ہے۔ ''صلی اللہ علیہ وسلم'' کے لئے لکھی جانے والی مختصر علامت (یعنی مخفف) ہے۔ اس کے معنی ہیں ''حضور پر خدا کا درود، رحمت اور سلام ہو۔

- علامت ' ؑ ' حضورؐ کے علاوہ باقی تمام پیغمبروں اور چار فرشتوں کے نام کے ساتھ لکھی جاتی ہے۔ یہ ''علیہ السلام'' کا مخفف ہے۔ اس کے معنی ہیں ''ان سب پر خدا کا سلام ہو۔''

- علامت ' ؓ ' حضورؐ کے صحابۂ کرام کے نام کے ساتھ لکھی جاتی ہے۔ یہ ''رضی اللہ عنہٗ'' کا مخفف ہے۔ اس کے معنی ہیں ''خدا اُن سے راضی ہوا۔''
- علامت ' ؒ ' مرحوم بزرگانِ دین کا نام کے ساتھ لکھی جاتی ہے۔ یہ ''رحمت اللہ علیہ'' کا مخفف ہے جو دعائیہ کلمات ہیں۔ اس کے معنی ہیں ''ان پر اللہ کی رحمت ہو۔''

عملی کام:

بچوّں کی معلومات میں مزید اضافے کی خاطر حضرت محمد ﷺ کے معجزات میں سے کوئی ایک معجزہ سُنائیں اور حقیقت سے واقف کرائیں۔ آپ ﷺ کے اسمائے گرامی زبانی یاد کرائیں۔

نوٹ:۔ اساتذہ بچّوں کو معجزہ کے معنی بتائیں۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق: 3

سچائی کا پھل

A2A8C5



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ بہت بڑے بزرگ گذرے ہیں ابھی آپؒ بچّے ہی تھے کہ والد کا سایہ سر سے اُٹھ گیا۔ آپ کی والدہ نے پالا پوسا اور آپؒ کی ترتیب اس طرح کی کہ آپؒ میں خدا کی سچّی لگن پیدا ہوگئی اور ایمان مضبوط ہو گیا۔

آپؒ جہاں رہتے تھے وہاں کوئی بڑا مدرسہ نہیں تھا۔ تعلیم کے لئے اپنی ماں سے بغداد جانے کی اجازت مانگی۔ ماں نے بغداد جانے کی اجازت دے دی اور کُرتے کے اندر چالیس اشرفیاں صدری میں رکھ کر سی دیں۔ جب آپؒ سفر پر روانہ ہوئے تو ماں نے آپؒ سے کہا۔

''بیٹا! خدا کا خوف ہمیشہ دل میں رہے، کبھی جھوٹ نہ بولنا، ہمیشہ سچ پر قائم رہنا، کیوں کہ سچ بولنے سے اللہ اور اس کے رسول ﷺ راضی ہوتے ہیں۔''

اُس زمانے میں ریل، بس وغیرہ نہیں تھے۔ سفر کرنا ہوتا تو بہت سے لوگ مل کر ایک قافلہ بناتے اور پیدل، گھوڑوں یا اُونٹوں پر چل پڑتے۔ آپؒ بھی ایک قافلہ کے ساتھ ہو گئے۔ راستے میں ڈاکوؤں نے حملہ کر دیا۔

ایک ڈاکو آپؒ کے پاس آیا اور پوچھا ''تمہارے پاس کیا ہے؟'' آپؒ نے جواب دیا ''میرے پاس کچھ اشرفیاں ہیں۔'' ڈاکو نے سوچا مارے ڈر کے الٹی سیدھی باتیں کر رہا ہے، اس لئے وہ آگے بڑھ گیا۔

پھر ایک دوسرا ڈاکو آپؒ کے پاس آیا اور پوچھا ''تمہارے پاس کیا ہے؟'' آپؒ نے اُسے بھی وہی جواب دیا۔ ڈاکو کی سمجھ میں کچھ نہ آیا۔ وہ آپؒ کو پکڑ کر اپنے سردار کے پاس لے گیا۔ آپؒ نے سردار کے پوچھنے پر بھی یہی جواب دیا۔ سردار نے ایک ڈاکو کی طرف اشارہ کیا۔ سردار کا اشارہ پا کر اس ڈاکو نے آپؒ کی تلاشی لی، سچ مچ آپؒ کی صدری میں اشرفیاں سِلی ہوئی ملیں۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ڈاکوؤں کے سردار نے تعجب سے پوچھا۔

''تم نے ہمیں یہ کیوں بتادیا کہ تمہارے پاس اشرفیاں ہیں۔'' کیا تمہیں نہیں معلوم کہ ہم انہیں چھین لیں گے؟''

آپؒ نے فرمایا، میری والدہ نے گھر سے نکلتے وقت نصیحت کی تھی کہ ''بیٹا ! ہمیشہ خدا کا خوف دل میں رہے، کبھی جھوٹ نہ بولنا۔'' یہ سن کر تمام ڈاکو حیرت میں پڑ گئے۔۔۔۔اس سچّائی کا اُن پر زبردست اثر ہوا۔انہوں نے اسی وقت لوٹ مار سے توبہ کرلی اور قافلے سے لُوٹا ہوا سارا مال واپس کردیا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



I. پڑھئے اور سمجھئے۔

قافلہ	=	مسافروں کی جماعت
تعجب	=	حیرت
سردار	=	لیڈر، امیر، افسر
نصیحت	=	اچھّی بات
ڈاکو	=	لٹیرا، چور
لُوٹ مار	=	زبردستی چھیننا

II. غور کیجئے۔

1- ماں کی تربیت سے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے دل میں خوفِ خدا اور سچائی کا جذبہ پیدا ہوا۔

2- عِلم حاصل کرنے کے لئے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کو بغداد کا سفر کرنا پڑا۔

3- پُرانے زمانے میں لوگ قافلوں کی شکل میں سفر کرتے تھے۔

4- ماں کی نصیحت کا خیال کرتے ہوئے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے ڈاکوؤں کے سامنے بھی سچ بات کہہ دی۔

5- حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے ایک سچ سے ڈاکوؤں نے ہمیشہ کے لئے لوٹ مار اور غارت گری سے توبہ کر لی۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III. سوچئے، بتایئے اور لکھئے۔

1- پُرانے زمانے میں لوگ کس طرح سفر کرتے تھے؟

2- حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کو بغداد کا سفر کیوں کرنا پڑا؟

3- اشرفیاں کہاں سِلی ہوئی تھیں؟

4- ماں نے بچّے کو کیا نصیحت کی تھی؟

5- ڈاکوؤں کے سردار کو حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے کیا جواب دیا؟

6- ڈاکوؤں پر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے سچ بولنے کا کیا اثر ہوا؟

IV. خالی جگہوں کو نیچے لکھئے ہوئے مناسب الفاظ سے بھرتی کیجئے۔

جھوٹ	مال	بزرگ	ڈاکوؤں	ریل بس

1- حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ ایک بہت بڑے _____ تھے۔

2- کبھی _____ نہیں بولنا چاہیئے۔

3- راستے میں _____ نے انہیں لوٹ لیا۔

4- سارا لُوٹا ہوا _____ واپس کر دیا۔

5- اس زمانے میں _____ وغیرہ نہیں تھے۔

NOT TO BE REPUBLISHED © BTBS

V. نیچے دیئے ہوئے مذکر اور مؤنث الفاظ پر غور کیجئے۔

مذکّر	مونّث
والد	والدہ
بیٹا	بیٹی
باپ	ماں
گھوڑا	گھوڑی

اشارہ:

''مذکر'' یعنی نر۔ ''مونث'' یعنی مادہ

نر کو مذکر کہا جاتا ہے اور مادہ کو مونث کہا جاتا ہے۔

VI. ان الفاظ کے مذکرّ اور مونث لکھئے۔

مذکر	مرد		بھائی	چچا	ماموں			نانا
مونث		لڑکی				بیوی	دادی	



@ITBS NOT TO BE REPUBLISHED

VII. اشارتاً دیئے گئے جملوں کو غور سے پڑھئے اور دیئے گئے الفاظ کے پہلے حرف کی جگہ دوسرا حرف بدل کر ایک نیا لفظ بنایئے۔

نمبر شمار	الفاظ	نیا لفظ بنانے کے لئے اشارتاً جملے	نیا لفظ
1	بچپن	گیارہ کو پانچ سے ضرب دینے سے حاصل ہونے والا عدد	
2	جَوف	اچانک سانپ کو دیکھ کر پیدا ہونے والی کیفیت	
3	نوٹ	جس کے لگنے سے درد ہوتا ہے	
4	دَائم	جو باقی رہتا ہے	
5	رَاضی	گُذرا ہوا زمانہ	
6	گھوڑا	گھوڑے کی پیٹھ پر بَرسایا جاتا ہے	
7	بات	جو دِن کے بعد آتی ہے۔	



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

VIII. یہ جملے کس نے کس سے کہے:

1- ''میرے پاس کچھ اشرفیاں ہیں۔''

2- ''تم نے ہمیں کیوں بتا دیا کہ تمہارے پاس اشرفیاں ہیں؟

3- ''بیٹا! ہمیشہ خدا کا خوف دل میں رہے، کبھی جھوٹ نہ بولنا۔''

○○○ عملی کام ○○○

علامتوں کے فرق کی پہچان کرائیے۔

1- محمدؐ : _____

2- موسیٰؑ : _____

3- فاطمہؓ : _____

4- علیؓ : _____


5- شیخ عبدالقادر جیلانیؒ : _____

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:4

چاچا نہرو

Y4W8H9



چاچا نہرو 14 رنومبر 1889ء کو الہٰ آباد میں پیدا ہوئے۔ آپ کا پورا نام پنڈت جواہر لعل نہرو تھا۔ والدہ کا نام سروپ رانی اور والد کا نام پنڈت موتی لعل نہرو تھا۔

چاچا نہرو کے والد آپ سے بہت پیار کرتے تھے۔ آپ کے بچپن کا ایک واقعہ انہیں ہمیشہ یاد رہا۔ ایک مرتبہ آپ نے اپنے والد کی اجازت کے بغیر ان کا ایک قلم اُٹھا لیا جس پر ان کے والد بہت ناراض ہوئے اور ان کی پٹائی بھی کی۔

انھوں نے شرمندگی دور کرنے کے لئے اپنا منہ ماں کی گود میں چھپا لیا۔ اس واقعے سے موتی لعل نہرو کے دل میں اپنے بیٹے یعنی چاچا نہرو سے پیار و محبت کا جذبہ اور بڑھ گیا۔

NOT TO BE REPUBLISHED

چاچا نہرو کی ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی۔ آپ بچپن میں اپنے چچازاد بھائیوں سے انگریزوں کے قصّے سنتے تھے۔ زیادہ تر ہندوستانیوں پر انگریزوں کی بے انصافیوں سے متعلق بحث ہوتی تھی۔ اگر کسی انگریز کے ہاتھوں ہندوستانی کا قتل ہوجاتا تو اُسے سزا کے بغیر چھوڑ دیا جاتا تھا۔ ریل گاڑیوں میں انگریزوں کے لئے ڈبّے مخصوص ہوتے تھے، جس میں کسی ہندوستانی کو بیٹھنے کی اجازت نہیں تھی۔ اکثر و بیشتر نہرو کے چچازاد بھائی ان تمام باتوں کو لے کر انگریزوں سے جھگڑا کر بیٹھتے۔ چاچا نہرو کے دل میں بھی انگریزوں کی بدسلوکیوں کا بدلہ لینے اور ہندوستان کو آزاد کرانے کا خیال پیدا ہوا۔

چاچا نہرو نے تحریکِ آزادی میں گاندھی جی کا ساتھ دیا۔ اس تحریک میں مولانا ابوالکلام آزاد، سردار ولبھ بھائی پٹیل، محمد علی جوہر، شوکت علی، حسرت موہانی وغیرہ بھی شامل تھے۔ ہندوستان کو آزادی دلانے کی کوشش میں انہیں بہت تکلیفیں اٹھانی پڑیں اور جیل بھی جانا پڑا۔ ان تمام لیڈروں اور رہنماؤں کی محنت رنگ لائی۔ آزادی کی جدوجہد کامیاب ہوئی آخرکار 15/اگست 1947ء کو ہمارا ملک ہندوستان آزاد ہوا۔

آزادی ملنے کے بعد چاچا نہرو کو ہمارے ملک کا پہلا وزیراعظم بنایا گیا۔ وزیراعظم بننے کے بعد مُلک کی ترقی میں وہ جُٹ گئے۔ انہوں نے سائنس، تعلیم اور صنعت کو نمایاں ترقی دی۔ غذا کے معاملہ میں ہندوستان کو خودکفیل بنایا اور دنیا میں ہندوستان کا نام روشن کیا۔

چاچا نہرو بچّوں سے بہت پیار کرتے تھے۔ بچّے بھی انہیں بہت چاہتے تھے۔ انہیں پیار سے ''چاچا'' پکارتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک بچّے نے انہیں گُلاب کا پھول دیا

NOT TO BE REPUBLISHED © TES

تو انہوں نے اس گُلاب کو اپنے سینے پر سجالیا۔ ان کا کہنا تھا کہ بچّے بھی پھول کی طرح ہوتے ہیں۔ اسی لئے وہ ہمیشہ گُلاب کو اپنے لباس پر سجائے رکھتے تھے۔ انہی کی خواہش کے مطابق ان کے جنم دن کو ''یومِ اطفال'' کے طور پر منایا جاتا ہے۔

دیکھا بچّو ! ہمارے بڑے جب چھوٹے تھے تو ان کی سوچ کیسی گہری تھی۔ اُن کے ارادے کیسے مضبوط ہوتے تھے۔ انہوں نے کس طرح اپنی بچپن کی خواہش کو زندگی کا مقصد بنالیا۔ اپنے راستوں کی رکاوٹوں کو دور کرتے ہوئے آخر کار کامیابی حاصل کرلی۔

ہمیں بھی کچھ ایسا ہی کرنا چاہیئے جس سے ہمارا نام بھی چاچا نہرو کی طرح ہمیشہ باقی رہے۔

I. پڑھئے اور سمجھئے۔

ابتدائی = شروعاتی، بنیادی

تحریک = حرکت، جدوجہد،

جذبہ = جوش، ولولہ

اکثر و بیشتر = عام طور پر

جدوجہد = کوشش

صنعت = پیشہ، کاریگری

لگن = شوق، دلچسپی

مخصوص = خاص

اختیار کرنا = اپنانا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

II. غور کیجئے۔

- چاچا نہرو کی پیدائش 14 رنومبر 1889ء کو الہٰ آباد میں ہوئی۔
- چاچا نہرو کی ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی۔
- ہمارا ملک 15 راگست 1947ء کو آزاد ہوا۔
- چاچا نہرو آزاد ہندوستان کے پہلے وزیر اعظم تھے۔
- مہاتما گاندھی کو ''بابائے قوم'' کہا جاتا ہے۔
- چاچا نہرو کو بچّوں سے بہت پیار تھا۔
- چاچا نہرو کی یومِ پیدائش کو ''یومِ اطفال'' کے طور پر منایا جاتا ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III. سوچئے، بتایئے اور لکھئے۔

1- چاچا نہرو کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

2- چاچا نہرو کا پورا نام کیا تھا؟

3- موتی لعل نہرو نے اپنے بیٹے کو سزا کیوں دی؟

4- ہندوستان کے پہلے وزیر اعظم کون تھے؟

5- ہمارا ملک کب آزاد ہوا؟

6- 14 رنومبر کو ''یومِ اطفال'' منایا جاتا ہے۔ کیوں؟

IV. خالی جگہوں کو مناسب لفظ سے پُر کیجئے۔











@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1- چاچا نہرو کے والد کا نام پنڈت ..... تھا۔

2- چاچا نہرو اپنے ..... بھائیوں سے انگریزوں کے قصّے سنتے تھے۔

3- چاچا نہرو ہندوستان کو ..... کی غلامی سے آزاد کرانا چاہتے تھے۔

4- غذا کے معاملے میں ہندوستان کو ..... بنانے کی کوشش کی۔

5- ایک مرتبہ ایک بچّے نے آپ کو ..... کا پھُول دیا۔

V. ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

ابتدائی : .....

آزادی : .....

مخصوص : .....

ترقی یافتہ : .....

بچپن : .....

VI. دی گئی تاریخوں کی مدد سے سال بھر آنے والے ان قومی تہواروں کو ترتیب وار لکھئے۔

1- یومِ آزادی 2- یومِ جمہوریہ

3- یومِ اطفال 4- یومِ اساتذہ

5- کنڑا راجیہ اتسوا 6- گاندھی جینتی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

15/اگست	14/نومبر	5/ستمبر
یکم نومبر	26/جنوری	2/اکتوبر

نمبر شمار	تاریخ	ماہ	قومی تہوار
1			
2			
3			
4			
5			
6			


@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

VII. ان کی ضد لکھئے۔

ابتداء		آزادی		ترقی		محبت	
	ادنیٰ		ناکام		دشمنی		پست

VIII. مثال کے مطابق دیئے گئے حروف سے الفاظ بنایئے۔

مثال: کا+م = کام



---------- = ---------- + ----------

---------- = ---------- + ----------

---------- = ---------- + ----------

---------- = ---------- + ----------

---------- = ---------- + ----------


---------- = ---------- + ----------

---------- = ---------- + ----------

NOT TO BE REPUBLISHED

IX. مثال کے مطابق لفظ اعلیٰ لگا کر الفاظ بنایئے۔

مثال:



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

عملی کام:

بچوّں کو ان قومی لیڈروں کے بارے میں معلومات فراہم کریں اوران کی تصاویرالبم میں چسپاں کرنے کی ہدایت دیں۔



سبق:5

مُرغی

I4Y1U2



کتنی پیاری مُرغی ہے
اَنڈا ہم کو دیتی ہے

جِس کے کھانے سے ہم کو
طاقت زیادہ ملتی ہے



پالتے اس کو چاہت سے ہم
رنگ برنگی لگتی ہے

کُٹ کُٹ کُٹ کُٹ کُٹ کرتی ہے
دانہ دُنکا چُگتی ہے

اپنے ننھے چوزوں سے وہ
پیار بہت ہی کرتی ہے



پکڑنے جائے جب بھی کوئی
اُڑ کر حملہ کرتی ہے

چِیل کبوتر، طوطا مَینا
سب سے نرالی مرغی ہے

کِتنی پیاری مُرغی ہے
انڈا ہم کو دیتی ہے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. پڑھئے اور سمجھئے۔

چاہت	=	پیار
طاقت	=	قُوت
چُوزے	=	مُرغی کے بچّے

حملہ	=	وَار
مَینا	=	ایک پرندہ
نِرالی	=	اَنوکھی

II. غور کیجئے۔

- مُرغی پالتو پرندہ ہے۔
- انڈے کھانے سے طاقت ملتی ہے۔
- مُرغی کے ننھے بچّوں کو ''چوزے'' کہتے ہیں۔
- چُوزے پکڑنے والوں پر مُرغی حملہ کرتی ہے۔

III. سوچئے، بتایئے اور لکھئے۔

1- مُرغی کیسی ہے؟
2- مُرغی کیا دیتی ہے؟
3- مُرغی کے انڈے کھانے سے کیا ملتی ہے؟
4- مُرغی کیسی آواز کرتی ہے؟
5- مُرغی کے چوزوں کو پکڑنے جائیں تو وہ کیا کرتی ہے؟
6- مُرغی کن پرندوں سے نرالی ہے؟

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV. ان مصرعوں کو مکمل کیجئے۔

★ کتنی پیاری---------- ہے

★ رنگ ---------- لگتی ہے

★ ---------- ہم کو دیتی ہے

★ کُٹ کُٹ کُٹ کُٹ ---------- ہے

★ پیار بہت ہی ---------- ہے


V. پڑھئے، سمجھئے اور لکھئے۔

مُرغی۔ مالک۔ مرغا۔ ابّا۔ لڑکا

مَالکن۔ کبوتری۔ لڑکی۔ امّی۔ کبوتر

مذکر	مُرغا				
مونث	مُرغی				

VI. مثال کے مطابق 'ی' کا استعمال کرتے ہوئے الفاظ بنائیے۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

VII. فہرست ''الف'' میں پرندوں کے نام اور فہرست ''ب'' میں ان کی آوازیں دی گئی ہیں۔ صحیح جوڑ لگائیے۔

	''الف''		''ب''
1	کبوتر		ککڑوں کوں۔ککڑوں کوں
2	کوّا		چُوں چُوں
3	مُرغا		کائیں کائیں
4	چِڑیا		غٹرغوں غٹرغوں
5	طوطا		کُو ہو کُو ہو
6	کوئل		پیہو پیہو
7	پپیہا		پک پک
8	بَطخ		ٹیں ٹیں

VIII. ان الفاظ کو لکھنے کی مشق کیجئے۔

★ ننھے : ----- ----- ----- -----

★ طاقت : ----- ----- ----- -----

★ پالتے : ----- ----- ----- -----

★ چُگتی : ----- ----- ----- -----

★ پکڑنے : ----- ----- ----- -----

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

عملی کام

مختلف پرندوں کی تصاویر اکٹھا کیجئے اور اپنی اپنی بیاض میں چسپاں کیجئے۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:6

عید الفطر

C7F9M2



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

رمضان المبارک کی اُنتیسویں تاریخ تھی۔ مغرب کا وقت تھا۔ لوگ عید کا چاند دیکھ رہے تھے۔ کچھ لوگ اپنے گھروں کی چھتوں پر کھڑے تھے، کچھ میدان میں، سب کی نگاہیں آسمان پر جمی ہوئی تھیں۔

مُنّی نے کہا : ''میں نے دیکھ لیا۔۔۔ میں نے دیکھ لیا۔۔۔''
وہ رہا چاند۔۔۔۔ وہ رہا چاند۔۔۔! ۔۔!

بَبلُو نے پوچھا : ''کہاں ہے؟۔۔ مجھے بھی دِکھاؤنا۔۔۔۔''

بچوں نے خوش ہو کر چلّانا شروع کیا۔

''وہ دیکھو نِکلا چاند''

''عید کا پیارا پیارا چاند''

لوگ نیا چاند دیکھ کر دُعا پڑھنے لگے۔ ایک دوسرے کو عید کی مبارک باد دینے لگے۔ دیر رات تک بچے خوشی سے کھیلتے کُودتے رہے۔ لو سویرا ہو گیا آج عید کا دن ہے۔ ہر طرف خوب چہل پہل ہے۔ چھوٹے بڑے سب بہت خوش ہیں۔ سب نے نہا دھو کر نئے کپڑے پہنے، عطر لگایا۔

بچّوں کی خوشی کا کیا کہنا۔۔۔ رنگ برنگے کپڑے اور چمکیلی ٹوپیاں پہنے ہوئے ہیں۔ اپنے کپڑے ایک دوسرے کو دکھاتے پھر رہے ہیں۔ ہنس ہنس کر ایک دوسرے سے باتیں کر رہے ہیں۔ عید کی مبارک باد دے رہے ہیں۔

لڑکیاں بھی بہت خوش ہیں۔ نئے نئے چمکیلے کپڑے اور رنگ برنگی چوڑیاں پہنی ہوئی ہیں۔ ہاتھوں میں مہندی سجی ہوئی ہے۔

عید کی نماز کا وقت ہو گیا۔ شیر خرما کھا کر بچّے بھی بڑوں کے ساتھ عیدگاہ پہنچے۔

عید کی نماز ختم ہوئی۔ سب ایک دوسرے کو مُبارک باد دینے لگے، آپس میں گلے ملنے لگے۔ بچّوں کو عیدی ملی۔ طرح طرح کے پھل اور کھلونے خریدے۔ دن بھر خوشیاں منائیں۔ اللہ کا شکر ادا کیا جس نے انہیں یہ عید دکھائی۔

I. سوچئے اور سمجھئے:

آسمان = فلک، آکاش

شیر خُرما = میٹھے کی ایک قسم ہے جسے دودھ میں شکر کھجوریں سویّاں اور خشک میوے ڈال کر بنایا جاتا ہے۔

شِیر = دودھ

خُرما = کھجور

© TBS NOT TO BE REPUBLISHED

مبارکباد = مُبارک ہو، دعائے خیر

چہل پہل = رونق، دھوم دھام

عید = بار بار آنے والی خوشی

عیدی = عید کے دن بچّوں کو خوش کرنے کے لئے جو پیسے یا تحفہ دیا جاتا ہے۔ عید کا نذرانہ

مہندی = حِنا

عطر = خوشبو

چمکیلا = چمکنے والا، چمکدار

II. غور کیجئے:

1) نیا چاند دیکھ کر دُعا پڑھنی چاہیئے۔

2) عید کے دن سب خوشیاں مناتے ہیں۔

3) عید کے دن شیر خُرما کھاتے ہیں؟

III. سوچئے، بتایئے اور لکھئے۔

1) لوگ کیا دیکھ رہے تھے؟

2) سب کی نگائیں کہاں جمی ہوتی تھیں؟

3) چاند دیکھ کر بچّوں نے کیا کہا؟

4) لڑکیوں نے کیسے کپڑے پہنے؟

5) لڑکیوں نے ہاتھوں میں کیا لگائی؟

6) کس کا شکر ادا کرنا چاہیئے اور کیوں؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV. قوسین میں سے صحیح الفاظ چُن کر خالی جگہوں میں لکھئے۔

1- کچھ لوگ اپنے گھروں کی _____ پر کھڑے تھے۔
(دیواروں۔چھتوں۔کمروں)

2- بچّوں نے _____ ہوکر چلّانا شروع کیا۔
(اُداس۔غمگین۔خوش)

3- عید کی _____ دے رہے تھے۔
(زندہ باد۔مبارک باد۔مردہ باد)

4- دن بھر _____ منائیں۔

5- (خوشیاں۔رنگ رلیاں۔لڑائیاں)

V. ان لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجئے۔

1- میدان : _____

2- آسمان : _____

3- شروع : _____

4- مبارک باد: _____

5- چمکیلے : _____

VI. مثال کے مطابق لفظ کے آخر میں ''ی'' لگا کر لکھئے۔

مثال: عید : عیدی

نماز		مغرب	
خوش		تاریخ	

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

VII. مثال کے مطابق نیچے دیئے ہوئے لفظوں سے پہلے "میٹھی" لگا کر مرکب لفظ بنایئے۔

مثال: میٹھی + زبان = میٹھی زبان

1- ____ + _____ = _____ نیند

2- ____ + _____ = _____ باتیں

3- ____ + _____ = _____ غذا

4- ____ + _____ = _____ آواز

VIII. مثال کے مطابق خالی خانوں میں حُروف لکھئے۔


مثال:	چہل	پ	ہ	ل	= پہل
	چھوٹے				= بڑے
	رنگا				= رنگ
	سبجی				= دھجی

IX. ان الفاظ کے نیچے ان کی اضداد لکھئے۔

آسمان	شروع	نیا	دن	خوشی	ہنسنا	خرید

NOT TO BE REPUBLISHED @KTES

X. سبق میں آپ نے نیا چاند پڑھا ہے۔اسی طرح لفظ نیا لگا کر کچھ چیزوں کے نام لکھئے۔



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

عملی کام:

''عیدالفطر'' کے علاوہ دیگر عید، تہوار، میلے وغیرہ کے بارے میں معلومات حاصل کر کے انہیں کلاس روم میں بیان کرنے کی ہدایت دیجئے۔





سبق:7

روبوٹ





مدرسہ کو چھٹّی تھی۔ بچوں نے اپنی والدہ سے عید کے کپڑے خریدنے کے لئے بازار جانے کی فرمائش کی۔ والدہ نے کہا: ناشتہ کے بعد سب لوگ تیار ہو جائیں بھائی جان کے ساتھ ہم سب بازار جائیں گے۔

سلمٰی، وسیم اور حفصہ تیار ہو گئے۔ بھائی جان سب کو ساتھ لے کر بازار پہنچے بھائی جان نے چلنے سے پہلے سب کو تاکید کی کہ راستہ کے کنارے چلیں، چلتے چلتے سلمٰی اچانک رک گئی اور کہنے لگی۔۔۔ بھائی جان! یہ دیکھئے آدمی جیسا بڑا گُڈّا کتنا اچھا ہے، اور اس کی آنکھیں کتنی چمکدار ہیں۔

بھائی جان:۔ نہیں سلمٰی! یہ گُڈّا نہیں بلکہ ٹیلی فون، موبائیل فون، ٹیلی ویژن اور کمپیوٹر کی طرح یہ بھی سائنس کی ایک ایجاد ہے۔

سلمٰی:۔ تو پھر اس کا کیا نام ہے بھائی جان۔۔۔؟

بھائی جان:۔ اس کا نام روبوٹ ہے جسے مشین کا بنا ہوا آدمی کہتے ہیں، یہ سائنس کی ایک حیران کرنے والی ایجاد ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

سلمٰی:۔ یہ روبوٹ کیا ہوتا ہے؟

بھائی جان:۔ روبوٹ ایک ایسی مشین ہے جو انسان کی طرح کام کرتی ہے۔ لیکن اس کا دماغ نہیں ہوتا۔

حفصہ:۔ دماغ نہیں ہوتا۔۔!!؟۔۔۔۔تو پھر یہ کیسے کام کرتا ہے۔۔۔؟

بھائی جان:۔ ارے واہ۔۔۔تم نے بہت اچھا سوال کیا۔۔۔روبوٹ، کمپیوٹر بیٹری کی مدد سے کام کرتا ہے۔روبوٹ میں انسان کی طرح کام کرنے کے لئے کئی کمپیوٹر لگائے جاتے ہیں۔ان ہی کی مدد سے وہ کام کرتا ہے؟

سلمٰی:۔ بھائی جان۔۔۔! روبوٹ کا استعمال کہاں کہاں ہوتا ہے؟

بھائی جان:۔ روبوٹ کا استعمال گھروں میں، کارخانوں میں اور دفتروں میں ہوتا ہے۔

وسیم:۔ بھائی جان۔۔۔! یہ بتایئے کہ روبوٹ سے ہم اپنے گھر پر کس طرح کے کام لے سکتے ہیں؟

بھائی جان:۔ گھر پر کام کرنے والے روبوٹ کو اس قابل بنایا جاتا ہے کہ وہ گھر کی اور چھوٹے بچوں کی دیکھ بھال کرے۔

حفصہ:۔ کیا یہ بچوں کی دیکھ بھال بھی کرتا ہے۔۔۔؟

بھائی جان:۔ جی ہاں! روبوٹ چھوٹے بچوں کی دیکھ بھال بھی کرتا ہے۔


© ITES NOT TO BE REPUBLISHED

وسیم:۔ بھائی جان، روبوٹ ان کاموں کے علاوہ اور کیا کام کرسکتا ہے؟

بھائی جان:۔ وسیم تم نے بہت اچھا سوال کیا۔ ان کاموں کے علاوہ روبوٹ مشکل سے مشکل کام بھی کرسکتا ہے۔ جیسے سامان ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا، ڈاک کی تقسیم وغیرہ۔ یہ انسان کی طرح جلد بیزار نہیں ہوتا اور نہ ہی تھکتا ہے۔ یہ دن رات لگاتار کام کرسکتا ہے۔

حفصہ:۔ بھائی جان! کیا روبوٹ کی وجہ سے انسان کے لئے ہر کام آسان ہوگیا ہے؟

اتنے میں والدہ نے آواز دی کہ چلو وقت ہورہا ہے۔ ابھی کپڑے خریدنے ہیں ۔۔۔سب آگے بڑھتے ہیں۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I. پڑھئے اور سمجھئے:

فرمائش = مانگ　　تاکید = بار بار کہنا

اچانک = یکا یک　　چمک = روشنی

روبوٹ = مشین کا بنا ہوا آدمی

حیران = تعجب میں پڑنا، دنگ رہ جانا

ایجاد = نئی چیز تیار کرنا

دین = عطیہ

II. غور کیجئے۔

1- ''روبوٹ''، ٹیلی فون، ٹیلی ویژن، کمپیوٹر کی طرح سائنس کی ایک ایجاد ہے۔

2- روبوٹ کے معنی مشین کا بنا ہوا آدمی ہے جو مختلف کام کر سکتا ہے۔

3- روبوٹ کا دماغ نہیں ہوتا۔ روبوٹ کمپیوٹر اور بیٹری سے چلتا ہے۔

4- روبوٹ چھوٹے سے چھوٹے اور مشکل سے مشکل کام کر سکتا ہے۔

5- سائنس کی ترقی کی وجہ سے اب ہر کام آسان ہو گیا ہے۔

III. سوچئے، بتایئے اور لکھئے۔

1- سائنس کی چند ایجادات کے نام بتایئے؟

2- روبوٹ کے معنی کیا ہیں؟

3- روبوٹ کس طرح کے کام کرتا ہے؟

4- روبوٹ کا استعمال کہاں ہوتا ہے؟

5- کس کی وجہ سے ہر کام آسان ہو گیا ہے؟

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV. نیچے دیئے گئے الفاظ کو جملوں کی خالی جگہوں میں لکھئے۔

کمپیوٹر	چھوٹے	حیران	بیٹری	انسان

1- روبوٹ سائنس کی ایک _____ کرنے والی ایجاد ہے۔

2- روبوٹ میں انسان کی طرح کام کرنے کے لئے کئی _____ لگائے جاتے ہیں۔

3- روبوٹ _____ سے چلتا ہے۔

4- روبوٹ _____ بچوں کی دیکھ بھال کرتا ہے۔

5- روبوٹ _____ کی طرح جلد بیزار نہیں ہوتا۔

V. ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے:

☆ ایجاد : _____

☆ حیران : _____

☆ مشین : _____

☆ دیکھ بھال : _____

VI. ایک ہی ''لفظ میں جواب دیجئے اور لکھئے۔

☆ ایسا فون جسے ہر جگہ لے جا سکتے ہوں۔ [ ]

☆ ٹیلی فون کا وہ حصہ جسے کان سے لگاتے ہیں۔ [ ]

☆ سائنس کی حیران کرنے والی ایجاد جو انسان جیسی ہے۔ [ ]

☆ سائنس کی وہ ایجاد جس کے ذریعہ ہم دیکھتے اور سنتے ہیں۔ [ ]

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

VII. مثال کے مطابق بے ترتیب حروف کو صحیح طور پر لکھئے۔

مثال:

چ	ا	ن	ک	ا

اچانک

ا	ر	ا	ط	ف

_____

ر	ا	ح	ے	ن

_____

م	ا	ک	ل	و

_____

ف	ن	ٹ	ل	ی	و	ے

_____

ر	ٹ	و	ی	پ	م	ک

_____

VIII. ان الفاظ کے مذکر اور مونث لکھئے۔

مذکر	مرد				استاد		مور	
مونث		بہن	ماں	سلطانہ		گڈی		دادی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IX. لفظی کھیل کے اس جدول میں سائنسی ایجادات کے نام تلاش کیجئے اور لکھئے۔

ک	گ	س	م	ل	ا	ٹ		ٹ
ڈ	ر	ا	ک	ر	پ	ے	ٹ	ے
	ا	ء	ب	ے	ج	ل	ر	ل
ب	م	ے	ج	ڈ	غ	ی	و	ی
ن	و	ک	ل	ے	ب	ف	ب	گ
د	ف	ل	ی	و	ا	و	و	ر
و	و	ر	ے		ر	ن	ٹ	ا
ق	ن	ل	ف	ز	ہ	ا		ف

1- _____ 6- _____

2- _____ 7- _____

3- _____ 8- _____

4- _____ 9- _____

5- _____ 10- _____

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

عملی کام:

اپنی بیاض میں روبوٹ کی تصویر چسپاں کر کے اس پر پانچ جملے لکھئے:

☆☆☆

سبق: 8

میں کیا بنوں گا؟

K7R4P5

حفیظؔ جالندھری





مجھے ایک ننھا سا لڑکا نہ سمجھو
مجھے اس قدر بھولا بھالا نہ سمجھو
مجھے کھیلنے ہی کا شیدا نہ سمجھو
سمجھتے ہو ایسا، تو ایسا نہ سمجھو



سبق نیکیوں کے مجھے یاد ہوں گے
بہت سے ہنر مجھ سے ایجاد ہوں گے
بہت مجھ سے خوش میرے استاد ہوں گے
عزیز اور ماں باپ سب شاد ہوں گے



صداقت سے ہرگز نہ شرماؤں گا میں
بھلائی ہر ایک سے کئے جاؤں گا میں
مصیبت میں بالکل نہ گھبراؤں گا میں
برائی کی راہوں سے کتراؤں گا میں

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



نہ میں دل دکھانے کی باتیں کروں گا
نہ ہرگز رلانے کی باتیں کروں گا
میں ہنسنے ہنسانے کی باتیں کروں گا
دلوں کو ملانے کی باتیں کروں گا



مجھے ایک ننھا سا لڑکا نہ سمجھو
مجھے کھیلنے ہی کا شیدا نہ سمجھو

I. پڑھئے اور سمجھئے۔

ننھا = چھوٹا
شیدا = شوقین
ایجاد = دریافت
عزیز = دوست، رشتہ دار
شاد = خوش
صداقت = سچائی
کترانا = بچنا
مصیبت = پریشانی
راہ = راستہ


II. سوچئے اور بتایئے۔

1- لڑکا کس کو خوش دیکھنا چاہتا ہے؟
2- لڑکا کونسے اچھے کاموں کو اپنانا چاہتا ہے؟
3- لڑکا کون کونسے کام کرنا نہیں چاہتا؟
4- لڑکا کونسا سبق یاد رکھنا چاہتا ہے؟
5- لڑکا کس طرح کی باتیں کرنا چاہتا ہے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III. ان ہم وزن الفاظ کو بچوں سے پڑھوایئے اور مثال کے مطابق درج ذیل حروف ملا کر لکھوایئے۔

-1



ل ڑ ک

ش ے د

بھ ال

اے س


مثال: 1۔ لڑکا

2۔ _____

3۔ _____

4۔ _____

-2



ش رم اؤ

ج اؤ

گھ ب راؤ

ک ت راؤ


مثال: 1۔ شرماؤں

2۔ _____

3۔ _____

4۔ _____

-3



دکھ ان

رُ ل ان

ہَ ن س ان

مِ ل ان

مثال: 1۔ دکھانے

2۔ _____

3۔ _____

4۔ _____

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV. مثال دیکھ کر نیچے دئے ہوئے الفاظ میں 'وں' ملا کر لکھئے۔

مثال: 1۔ یادوں

2۔ _____

3۔ _____

4۔ _____

5۔ _____

6۔ _____

7۔ _____

8۔ _____



3- یاد

ایجاد

استاد

کھیل

عزیز

مصیبت

دل

بات

V. مثال کے مطابق ان الفاظ کے جوڑ الفاظ کا املا خالی جگہوں میں بھر کر مکمل لفظ لکھئے۔

مثال:	ننّھا	م	ن	ن	ا	:- مُنّا
1-	بھولا					:-
2-	ایسا					:-
3-	ہنستے					:-
4-	روتے					:-

عملی کام: ''انفرادی طور پر بچوں سے پوچھیے کہ وہ پڑھ لکھ کر اپنی زندگی میں کیا بننا چاہتے ہیں؟ اور کیوں؟

☆☆☆

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED